شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

19 جنوری 2024ء

پریس ریلیز

دو مسلمان ممالک کا مدِ مقابل آنا اغیار کی کامیابی ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): دو مسلمان ممالک کا مدِمقابل آنا اغیار کی کامیابی ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ ایران نے پاکستان کی فضائی حدود کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بلوچستان کے ضلع پنجگور پر میزائل داغ دیا جس سے ایک عورت اور دو معصوم بچے شہید ہوگئے۔ درحقیقت یہ پاکستان کے خلاف ریاستی دہشت گردی کا ارتکاب ہے۔ اہلِ پاکستان کو اپنے برادر ہمسایہ مسلمان ملک سے ایسے انتہائی قدم کی ہرگز امید نہ تھی اور یہ ایک ناقابلِ یقین اور افسوس ناک سانحہ ہے۔ پاکستان نے مجبوراً جوابی کاروائی کی جس میں سرحد پار بی ایل اے اور بی این اے کے دہشت گرد ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر دونوں ممالک میں کشیدگی مزید بڑھتی ہے تو اس کا فائدہ صرف امریکہ، اسرائیل اور بھارت کو ہوگا۔ پھر یہ کہ پاک۔ایران تنازعہ خطے کے لیے انتہائی خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔ امیر تنظیم نے دونوں حکومتوں پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ کشیدگی کو کم کرنے کے لیے اقدامات اُٹھائیں۔ اُنہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی آخری اور حتمی کتاب میں مسلمانوں کو یہ واضح حکم دیا ہے کہ مومن آپس میں بھائی بھائی ہیں اور جب دو مسلمان بھائیوں میں کوئی تنازعہ پیدا ہو جائے تو دوسرے مسلمان اُن میں صلح کروا دیں۔ لیکن انتہائی شرم کا مقام ہے کہ پاکستان اور ایران کے مابین ثالثی کروانے کی پیش کش ترکیہ کے علاوہ کسی مسلمان ملک نے نہیں کی۔ بہرحال دونوں ممالک اب تحمل کا مظاہرہ کریں۔ آپس کے روابط کے لیے طے شدہ ذرائع کو فی الفور بحال کیا جائے۔ دونوں ممالک میں سرحد پار دہشت گردوں کے مبینہ ٹھکانوں کے معاملے کو مذاکرات کے ذریعے حل کیا جائے۔ مشرقِ وسطیٰ کی تشویش ناک صورتِ حال کے حوالے سے آپس کی غلط فہمیاں دور کی جائیں۔ حقیقت یہ ہے کہ آج مسلمان ممالک کی ذلت اور رسوائی کی ایک بنیادی وجہ یہ ہے کہ وہ بُری طرح منتشر ہیں جبکہ اُن کے دشمن ''الکفر ملۃ واحدہ'' کی صورت میں متحد ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ آپس کے اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے مسلمان ممالک ایک جسدِواحد کی طرح متحد ہوں تاکہ اسلام دشمن طاغوتی قوتوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا جاسکے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 19 January 2024

"The confrontation between two Muslim countries is a success for our enemies."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "The confrontation between two Muslim countries is a success for our enemies."

This was said by the Ameer of Tanzeem e Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer stated that Iran violated Pakistan's airspace and launched a missile on the district of Panjgur in Balochistan, resulting in the martyrdom of a woman and two innocent children. In reality, this is an act of state-sponsored terrorism against Pakistan. The people of Pakistan never expected such an extreme step from their neighboring Muslim country, and it is a shocking and tragic incident. Pakistan was forced to take retaliatory action, targeting the terrorist hideouts of BLA (Balochistan Liberation Army) and BNA (Balochistan National Army) along the border. The fact is, if the tension between both countries increases, it will only benefit the United States, Israel, and India. Moreover, the Pak-Iran conflict could prove extremely dangerous for the entire region. The Ameer of Tanzeem-e-Islami impressed upon the governments of both countries to take concrete steps to reduce the tension. He said that Allah *(SWT)* Almighty has clearly commanded in His *(SWT)* final and ultimate Book that Muslims are brothers to each other, and when there is a conflict between two Muslim brothers, other Muslims should mediate between them for reconciliation. It is a matter of great shame that the offer for mediation between Pakistan and Iran has not come from any Muslim country other than Türkiye. Nevertheless, both countries now need to demonstrate patience. Established channels for diplomatic relations should be immediately restored. The issue of hideouts of terrorists across both borders should be resolved through negotiations and joint operations. Misunderstandings and concerns between the two countries regarding the situation in the Middle East should be dispelled. The reality is that one of the fundamental reasons for the disgrace and ignominy of Muslim countries today is that they are awfully divided, while their enemies are united in the form of a single entity giving a reflection of *'Al-Kufru Millatun Wahida'*. He concluded by emphasizing that it is imperative for Muslim countries to bury the hatchet and become united as a single body, so that the nefarious designs of the malevolent forces who are the enemies of Islam could be defeated.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan